شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

04نومبر2023ء

پریس ریلیز

سیکیورٹی اہلکاروں اور فوجی تنصیبات پر دہشت گرد حملے انتہائی تشویش ناک ہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): سیکیورٹی اہلکاروں اور فوجی تنصیبات پر دہشت گرد حملے انتہائی تشویش ناک ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ پسنی، گوادر میں پاکستان کی سیکیورٹی فورسز پر دہشت گردوں نے حملہ کرکے پاک فوج کے 14 جوانوں کو شہید کر دیا۔ اس کے چند گھنٹوں کے بعد پاکستان ایئر فورس ٹریننگ بیس میانوالی پر دہشت گردوں نے حملہ کیا جس میں میڈیا پر جاری اطلاعات کے مطابق 3 طیاروں اور ایک فیول باؤزر کو نقصان پہنچا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں یہ دہشت گرد حملے طاغوتی قوتوں کی گریٹ گیم کا حصہ دکھائی دیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ملک میں دہشت گردی کا ارتکاب کرکے عوام الناس اور سیکیورٹی اہلکاروں کو شہید و زخمی کرنے والے درحقیقت پاکستان ہی نہیں انسانیت کے دشمن ہیں۔ حکومتِ پاکستان فوری طور پر دہشت گردی کی ان وارداتوں میں ملوث تمام مجرموں اور اُن کے اندرونی و بیرونی سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ماضی میں بھی امریکہ اور بھارت کی پشت پناہی سے دہشت گرد گروہ پاکستان کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔ آخر میں اُنہوں نے شہداء کی مغفرت کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 4 November 2023

"Terrorist attacks on security personnel and military installations are a cause of immense concern."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Terrorist attacks on security personnel and military installations are a cause of immense concern. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that in their attack on Pakistan's security forces in Pasni, Gwadar, terrorists martyred 14 soldiers of the Pakistan Army. A few hours after this incident, terrorists targeted a Pakistan Air Force training base in Mianwali, damaging three aircrafts and one fuel bowser according to media reports. The reality is that in the context of the present domestic of Pakistan and the international situation, these terrorist attacks seem to be part of the overarching scheme of the malevolent global powers. The fact of the matter is that those responsible of martyring and injuring security personnel and the general public are not only enemies of Pakistan, but of humanity at large. The Government of Pakistan should immediately bring all criminals involved, as well as their internal and external facilitators, to justice. We must not forget that terrorist groups backed by the US and India have incessantly harmed Pakistan in the past. He concluded by praying for forgiveness for those martyred.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan